علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

کلیہ عربی وعلومِ اسلامیہ

(شعبہ شریعہ، کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ)

عزیز طلبہ ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یاڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری Plagiarism "پالیسی کے مطابق سزادی جائے گی۔

کورس: "مطالعہ متون فقہ اسلامی (از ہدایہ کتاب النکاح وطلاق)"(2958) **سمسٹر: بہار،2026ء**

سطح: بی ایس علومِ اسلامیہ

ہدایت نامہ برائے طلبہ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیئے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ سکین(Scanned)امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں(Word یاPDFفارمیٹ)میں LMSپر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کریں۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اَپ لوڈنہ ہوسکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

امتحانی مشق نمبر1

(یونٹ:1 تا5)

سوال نمبر1 "الہدایہ" کی روشنی میں نکاح کے ارکان اور انعقاد کے الفاظ بیان کریں، گواہ کی شرط اور اس کے عدل واہلیت کے بارے میں فقہا کی آراء تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر2 "الہدایہ" کی روشنی میں نکاح میں نکاح میں عورت کی رضامندی، ولی کا اختیار اور بلوغ کے بعد اختیار کی صورت، ہمسری وپیشے میں برابری پر تفصیلی نوٹ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر3 "الہدایہ" کی روشنی میں نکاح میں مہر کی حیثیت، کم سے کم مہر، مہر فاطمی، متعہ، نکاح شغار کے احکام تفصیل سے بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر4 "الہدایہ" کی روشنی میں اہل الشرک کے نکاح، مرتدہ عورت کے نکاح، مختلف ادیان سے تعلق رکھنے والے بچوں کا دین، دارالحرب اور دارالاسلام میں نکاح کے احکام بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر5 "الہدایہ" کی روشنی میں بیویوں کے درمیان تقسیم کے اصول، سفر کی حالت میں تقسیم، رضاعت کے احکام اور رضاعی رشتہ کی حرمت کے مسائل تحریر کریں۔ (20)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

امتحانی مشق نمبر2

(یونٹ:6 تا9)

سوال نمبر1 کتاب الہدایہ کی روشنی میں طلاق حسن، بدعہ اور سنت کے احکام میں فرق بیان کریں۔ نیز استبراء اور طلاق سنہ کے طریقہ کار کو تفصیل سے بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر2 "الہدایہ" کی روشنی میں طلاق کے بعد رجوع کے احکام اور طریقہ کار تحریر کریں۔ نیز رجوع پر گواہی، بیوی کو اطلاع دینے اور عدت کے مکمل ہونے کے مسائل بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر3 "الہدایہ" کی روشنی میں ایلاء کا مفہوم، اقسام اور چار ماہ سے کم یا دو ماہ کی قسم کھانے کے مسائل بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر4 "الہدایہ" کی روشنی میں عدت کی ابتدا، شوہر اور بیوی میں اختلاف، اور ذمی عورت کی عدت کے احکام تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر5 مطلقہ اور فوت شدہ شوہر کی عورت کے نفقہ اور سکنٰی کے مسائل بیان کریں۔ نیز قاضی کی طرف سے لازم کردہ نفقہ، مالک پر غلام وباندی کے نفقہ کے احکام تحریر کریں (20)